21792 ـ قرآن كريم والےموبائل سيٹ بيت الخلاء ميں لے جانا

سوال

ان آخرى دنوں ميں ماركيٹ كے اندرايسے اليكٹرانک آلات اور موبائل سيٹ آچكے ہيں جن ميں قرآن كريم كى ريكارڈنگ ہو سكتى ہے توان آلات كو بيت الخلاء ميں لے جانے كا كيا حكم ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

ان موبائل سيٹوں اورآلات كو بيت الخلاء ميں لے جانا حرام نہيں كيونكہ يہ مصحف اور قرآن كريم كے احكام ميں نہيں آتے ، اگرچہ ان ميں قرآن كريم باآواز ہى ريكارڈ كيوں نہ ہو اس ليے كہ وہ آوازمخفى اور چھپى ہوئى ہے جو كہ ظاہر نہيں اور نہ ہى اس كى كتابت ظاہر ہے ـ

واللہ تعالى اعلم ـ .